www.xtrapapers.com

**Cambridge International Examinations**
Cambridge Ordinary Level

| | |
|---|---|
| CANDIDATE NAME | |
| CENTRE NUMBER | |
| CANDIDATE NUMBER | |

*4331550960*

**FIRST LANGUAGE URDU** **3247/01**

Paper 1 Reading and Writing **May/June 2016**

**1 hour 30 minutes**

Candidates answer on the Question Paper.

No Additional Materials are required.

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

Write your Centre number, candidate number and name in the spaces provided.
Write in dark blue or black pen.
Write your answers in Urdu in the spaces provided on the Question Paper.
Do not use staples, paper clips, glue or correction fluid.
Dictionaries are **not** permitted.
DO **NOT** WRITE IN ANY BARCODES.

Answer **all** questions in **Part 1** and **one** question in **Part 2**.

The number of marks is given in brackets [ ] at the end of each question or part question.
Write your answers within the given word limits.

**مندرجہ ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔**

پرچے پر مُہیا کی گئی جگہوں پر اپنا نام، سینٹر کا نمبر اور اُمیدوار کا نمبر لکھیں۔

صرف نیلے یا کالے رنگ کا قلم استعمال کریں۔

اپنے تمام جوابات اسی پرچے پر سوالوں کے نیچے لکھیں۔

اضافی مواد کی ضرورت نہیں ہے۔

اسٹیپل، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند اور کریکشن فلوئڈ مت استعمال کریں۔

لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

بار کوڈ پر کچھ نہ لکھیے۔

حصہ اول سے تمام سوالات اور حصہ دوم سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیں۔

اس پرچے میں ہر سوال کے مارکس بریکٹ میں دیئے گئے ہیں۔ [ ]

آپ کا ہر جواب دی گئی حدود کے اندر ہونا چاہیئے۔

This document consists of **8** printed pages.

DC (NH/CGW) 116533/1
© UCLES 2016

**[Turn over**

www.xtrapapers.com



## Part 1 Reading

سوال نمبر 1:- مندرجہ ذیل عبارت پڑھیے پھر دیے گئے سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

### موضوع:- غذا اور صحت

موجودہ دور میں انسان مختلف قسم کی مُہلک بیماریوں کا شکار ہے جس کی بڑی وجہ ہماری روزمرہ کی طرز زندگی اور خوراک کا خالص نہ ہونا ہے۔ ایک صحت مند زندگی کے لیے متوازن غذا کا استعمال بہت ضروری ہے۔ متوازن غذا ایسی خوراک ہے جس میں وہ تمام غذائی اجزا پائے جاتے ہیں جو انسانی جسم کی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس کی وجہ سے انسان ایک اچھی صحت کے ساتھ اپنے روزمرہ کے کام بھی آسانی سے سرانجام دے سکتا ہے۔ 3

ایک سروے کے مطابق فاسٹ فوڈ موجودہ دور میں انسانی صحت کے لیے سب سے زیادہ مضر ہے۔ اس کی مقبولیت کی بڑی وجہ ہماری روزمرہ کی مصروف ترین زندگی کے علاوہ سہل پسندی، کھانے کا جلد تیار ہو جانا، عورتوں کا گھر سے باہر کام کرنا اور زبان کی حد تک اس کا عمدہ اور چٹ پٹا ذائقہ شامل ہے۔ ایک صحت مند زندگی گزارنے کے لیے ہمیں متوازن غذا کے بنیادی اصولوں کو مدِ نظر رکھنا چاہیے۔ صحت بخش کھانے کھائیں، اپنے جسم کو اس قسم کے کھانوں کا عادی بنائیں، ہر چیز کے استعمال میں اعتدال رکھیں اور کھانا مناسب وقت پر کھائیں۔ 7

انسانی زندگی کو رواں دواں رکھنے کے لیے متوازن خوراک کے علاوہ صفائی، تازہ ہوا اور ورزش کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ غذا اور ورزش آپس میں لازم و ملزوم ہیں۔ موجودہ دور میں انسان اپنی غذائی توانائی کا صرف چوتھائی حصہ استعمال کر پاتا ہے۔ اس کی وجوہات میں کم پیدل چلنا، ٹرانسپورٹ اور کام کاج میں مشینوں کا زیادہ استعمال سرِ فہرست ہیں۔ 10

ایک تحقیق کے مطابق پیدل چلنا ایک مفید ورزش ہے۔ پیدل چلنے سے جسم کے تمام پٹھے حرکت کرتے ہیں، وزن کم ہوتا ہے اور یہ ورزش بغیر کچھ قیمت ادا کیے عمر بھر جاری رکھی جا سکتی ہے۔ انسانی صحت کے لیے متوازن خوراک کے ساتھ ساتھ پانی کی اہمیت بھی بہت زیادہ ہے۔ غذا کے بغیر تو انسان ہفتوں زندہ رہ سکتا ہے مگر پانی کے بغیر چند دن بھی زندہ رہنا محال ہے۔ پانی ہماری غذا ہضم کرنے، جسم سے فاسد مادے خارج کرنے اور ہمارے جسم کے درجہ حرارت کو متوازن رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ 14

ایک صحت مند زندگی کے لیے غذا کے ساتھ باقی معمولات زندگی کو وقت پر بجا لانے کی بہت زیادہ اہمیت ہے لیکن آج کل کی مصروف زندگی میں وقت پر کھانا پینا، سونا جاگنا اور ورزش کرنا انتہائی مشکل ہو گیا ہے۔ اگر ان تمام معمولات کو وقت کے مطابق سرانجام دیا جائے تو ایک صحت مند، لمبی اور خوشگوار زندگی بسر کی جا سکتی ہے۔ 17

© UCLES 2016

www.xtrapapers.com



مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب اردو میں جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔[ہر سوال کے بعد مارکس لکھ دیے گئے ہیں]

(i) آج کل کا انسان بیماریوں میں کیوں مُبتلا ہے؟ دو وجوہات لکھیے۔

..........................................................................................................................................

[2]......................................................................................................................................

(ii) مصنف کے مطابق فاسٹ فوڈ کے عام ہونے کی کیا وجوہات ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[4]......................................................................................................................................

(iii) وہ کون سی باتیں ہیں جو صحت مند زندگی گزارنے میں رکاوٹ پیدا کر سکتی ہیں؟ تین باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[3]......................................................................................................................................

(iv) تیسرے پیرا گراف میں "غذا اور ورزش آپس میں لازم و ملزوم ہیں" سے مصنف کی کیا مراد ہے؟ دو باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

[2]......................................................................................................................................

(v) انسان اپنی غذائی توانائی کا بھرپور استعمال کیوں نہیں کر پا رہا ہے؟ تین باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[3]......................................................................................................................................

www.xtrapapers.com



(vi) مصنف کے مطابق انسانی صحت کے لیے کونسی ورزش سب سے زیادہ موزوں ہے اور اس کے کیا فوائد ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[4]..........................................................................................................................................

(vii) پانی کے بغیر انسانی جسم پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[4]..........................................................................................................................................

(viii) مصنف نے آخری پیراگراف میں وقت کی اہمیت کے متعلق کیا کہا ہے؟
وقت کی اہمیت کے بارے میں آپ اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[3]..........................................................................................................................................

**[Total: 25 marks]**

www.xtrapapers.com



**Part 2 Writing**

مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 300–400 الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیے۔

(i) **دلیل**

انسانی زندگی پر ماحولیاتی آلودگی کے مضر اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ اس بارے میں اپنی رائے دلائل سے ثابت کیجیے۔

(ii) **بحث**

موجودہ دور میں فیشن کے بڑھتے ہوئے رجحانات اور نوجوان نسل پر اس کے اثرات پر بحث کیجیے۔

(iii) **تفصیل**

چاند رات میں کسی بازار کا آنکھوں دیکھا حال بیان کیجیے۔

(iv) **بیان**

آپ اپنے والدین کے ساتھ دن بھر کی سیر و تفریح کے بعد گھر واپس آتے ہوئے جنگل سے گزر رہے ہیں کہ اچانک آپ کی گاڑی خراب ہو جاتی ہے۔ کہانی مکمل کیجیے۔

**[Total: 25 marks]**

**حصہ دوم کے سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب پرچے کے صفحات نمبر 6، 7 اور 8 پر لکھیں۔**

www.xtrapapers.com



© UCLES 2016 

www.xtrapapers.com

www.xtrapapers.com



..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge International Examinations Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cie.org.uk after the live examination series.

Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.

© UCLES 2016